بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کسی مرد کے بدکاری کا اقرار کرنے پر خاتون کو بدکار کہنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر کوئی لڑکا قبول کرلے کہ اس نے فلاں عورت سے بدکاری کی ہے تو کیا ہم اس عورت کو بدکار بول سکتے ہیں؟

## جواب

کسی کے یوں کہنے پر کہ اس نے فلاں عورت سے بدکاری کی ہے، عورت کو بدکار کہنے کی ہرگز ہرگز اجازت نہیں، بلکہ یوں دل آزاری، غیبت وغیرہ کا معاملہ ہوگا، تو شرعاً یہ ناجائز و حرام ہے۔ دل آزاری کی صورت میں اللہ پاک کی بارگاہ میں سچے دل سے توبہ کے ساتھ ساتھ جس کی دل آزاری کی اس سے معافی بھی مانگنی ہوگی۔ نیز اگر واقعۃً ایسا ہوا بھی ہو تو بلاوجہ اس کی بدکاری کا ذکر کرنے کی اجازت نہیں کہ ہمیں مسلمان کی **"پردہ پوشی"** کرنے کا حکم ہے۔

مشکوۃ المصابیح میں بحوالہ مسلم حدیث پاک میں ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "ومن ستر مسلما ستره الله فی الدنیا والآخرۃ" یعنی جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی، اللہ پاک دنیا و آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ (مشکوۃ المصابیح مع مرقاۃ المفاتیح، جلد 1، صفحہ 414، حدیث 204، مطبوعہ: بیروت)

مراٰۃ المناجیح میں ہے: "(یعنی) چُھپے ہوئے عیب ظاہر نہ کرے! بشرطیکہ اس ظاہر نہ کرنے سے دین یا قوم کا نقصان نہ ہو، ورنہ ضرور ظاہر کردے! کفار کے جاسوسوں کو پکڑوائے! خفیہ سازشیں کرنے والوں کے راز کو طَشْت اَزْبام (یعنی ظاہر) کرے! ظلماً قتل کی تدبیر کرنے کی مظلوم کو خبر دے دے! اخلاق اور ہیں، معاملات اور سیاسیات کچھ اور۔" (مراٰۃ المناجیح، جلد 1، صفحہ 189، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

دوسری بات یہ بھی ہے کہ غیبت کی صورت میں جس کی غیبت کی ہے اگر اس کو اس غیبت کی خبر ہوگئی ہے تو اس صورت میں توبہ و استغفار کے ساتھ ساتھ اس سے معافی مانگنا بھی ضروری ہے، ورنہ فقط توبہ کرلینا ہی کافی ہے۔

بہارِ شریعت میں ہے: "جس کی غیبت کی اگر اس کو اس کی خبر ہوگئی تو اس سے معافی مانگنی ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس کے سامنے یہ کہے کہ میں نے تمہاری اس اس طرح غیبت یا برائی کی تم معاف کردو اس سے معاف کرائے اور توبہ کرے تب اس سے بریٔ الذمہ ہوگا اور اگر اس کو خبر نہ ہوئی ہو تو توبہ اور ندامت کافی ہے۔" (بہار شریعت، ج 01، ص 538، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد عطاری مدنی

فتوی نمبر:Web-2524

تاریخ اجراء:19ربیع الآخر1447ھ/13اکتوبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net